(جلد دوم)

مناقب اہل بیتؑ

مشہور عربی کتاب

اَلْقَطْرَةُ مِنْ بِحَارِ مَنَاقِبِ النَّبِيِّ وَالْعِتْرَةِ

کا ترجمہ

مولف

آیت اللہ سید احمد مستنبط قدس سرہ

مترجم

حجۃ الاسلام مولانا ناظم رضا عترتی

ناشر

ادارہ منہاج الصالحین

جناح ٹاؤن ٹھوکر نیاز بیگ، لاہور فون: 5425372

کل الحقوق محفوظة

نام کتاب .... مناقب اہل بیتؑ (جلد دوم)

مولف .... آیت اللہ سید احمد مستنبط قدس سرہ

مترجم .... حجۃ الاسلام مولانا ناظم رضا عترتی

اہتمام .... مولانا ریاض حسین جعفری (فاضل قم)

ناشر .... ادارہ منہاج الصالحین لاہور

پروف ریڈنگ .... غلام حیدر چودھری

ہدیہ .... =/200 روپے

محبت میں شریک نہ ہوتا اور میری ساری محبت صرف اسی کے لئے ہوتی"

(کشف الغمہ ۲/۲۴۷، بحار الانوار ۴۸/۲۰۹ حدیث ۸)

امام موسیٰ کاظمؑ کے سامنے ایک عورت کا اقرار جرم

(۳/۴۸) عیاشی نے سلیمان بن عبداللہ سے نقل کیا ہے کہ وہ کہتا ہے میں حضرت امام موسیٰ کاظمؑ کی خدمت میں موجود تھا کہ ایک عورت کو لایا گیا، جس کا سر پشت کی طرف مڑا ہوا تھا۔ امامؑ نے اپنا دایاں ہاتھ اس کی پیشانی پر اور بایاں اس کی پشت پر رکھ کر اس کی صورت کو دائیں طرف موڑا اور اس آیت کی تلاوت کی۔

اِنَّ اللّٰہَ لَا یُغَیِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰی یُغَیِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِھِمْ (سورہ رعد آیت ۱۱)

"خدا اس وقت تک کسی قوم کی حالت کو تبدیل نہیں کرتا جب تک وہ خود اپنی حالت کو نہ بدلے"

پس جب حضرت کی عنایت و مہربانی سے اس عورت کی صورت ٹھیک ہو گئی اس وقت آپ نے اس سے فرمایا:

اِحْذَرِیْ اَنْ تَفْعَلِیْ کَمَا فَعَلْتِ

"دوبارہ ایسا کام نہ کرنا جو کر چکی ہو۔"

وہاں موجود لوگوں نے عرض کیا: یابن رسول اللہ! اس نے کیا کیا تھا؟ آپ نے فرمایا: اس کا گناہ پوشیدہ ہے میں اس سے پردہ نہیں اٹھانا چاہتا مگر یہ کہ وہ خود بیان کرے۔ لوگوں نے خود اس عورت سے پوچھا: اس نے جواب دیا، میرے شوہر کی دوسری بیوی تھی۔ ایک دفعہ میں نماز کے لئے اٹھی، میں نے خیال کیا کہ میرا شوہر میرے پاس نہیں ہے دوسری بیوی کے پاس ہوگا۔ یہ سوچ کر میں شوہر کی تلاش میں نکل پڑی، جب میں نے آ کر دیکھا تو اس کی دوسری بیوی بھی اکیلی بیٹھی ہوئی ہے اور میرا شوہر اس کے پاس نہیں ہے۔ پس میرے اس بیجا گھر سے نکلنے کی وجہ سے میری صورت بگڑ گئی تھی۔

(تفسیر عیاشی ۲/۲۰۵ حدیث ۱۸، بحار الانوار ۹/۵۶ حدیث ۳، تفسیر برہان ۲/۲۸۳ حدیث ۳)